ٹیر فنڈ (TEAR Fund) کیسے شروع ہوا؟

"ٹیر فنڈ" ۱۹۶۸ء میں ایونجلیکل الائنس ریلیف فنڈ کے طور پر وجود میں آیا، تاہم اس کی داغ بیل ۱۹۶۰ء میں پڑی۔ ۱۹۶۰ء کو مہاجرین کا عالمی سال قرار دیا گیا تھا اور ایونجلیکل الائنس کو اس وقت سے اپنے معاونین کی طرف سے مسلسل رقوم موصول ہوتی رہیں۔ ۱۹۶۷ء میں الائنس نے ایک جداگانہ امدادی اور ترقیاتی ایجنسی قائم کرنے کا فیصلہ کیا جو الائنس کے لیے ایک راہ عمل ہے۔ معاشیات کے ایک نوجوان گر یجویٹ، ماری جین ڈفیلڈ نے بنیادی کام کیا۔

جب جارج ہوف مین ایونجلیکل الائنس سے وابستہ ہوئے تو انہیں ایک فائل دی گئی جس پر درج تھا "ایونجلیکل الائنس کا مہاجر فنڈ"۔ انھوں نے اپنی ساری توانائیاں اس پروجیکٹ کے لیے مخصوص کر دیں اور روابط استوار کرنے کی اپنی جملہ صلاحیتوں سے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔ انھوں نے اس فنڈ کو "ٹیر فنڈ" (TEAR Fund) کا نیا نام دیا جو The Evangelical Alliance Relief Fund کا مخفف ہے۔

پچھلے سال ٹیر فنڈ نے اپنی سلور جوبلی منائی ہے۔ ۱۹۹۰ء میں اس فنڈ سے ۱۱۶ ہمہ وقتی افراد پر مشتمل اسٹاف وابستہ تھا اور اس کا بجٹ ایک کروڑ ۴۴ لاکھ ۳۹ ہزار پونڈ تھا۔ یہ لوگ ارجنٹائن، بنگلہ دیش، برونڈی، قبرص، ملاوی، ملائشیا، نائجیریا، شمالی افریقہ، پاکستان، تنزانیہ، زائرے اور بعض دوسرے ممالک میں کام کر رہے ہیں۔

۱۹۶۹ء میں معروف گویا کلف رچرڈ اپنے نو دریافت ایمان کے اظہار کی کوشش کر رہا تھا، اس نے ٹیر فنڈ کے لیے رائل البرٹ ہال (لندن) میں موسیقی کی دو محفلیں منعقد کیں۔ اس کے بعد کلف رچرڈ نے اس طرز کی مزید محفلوں کا اہتمام کیا اور فنڈ کا نائب صدر بن گیا۔ ۱۹۹۳ء تک کلف رچرڈ اسی ہزار پونڈ فنڈ کے لیے جمع کر چکا تھا۔